# شہری سرگرمیوں میں شراکت

# PARTICIPACIÓ CIUTADANA

## ثقافتی و معاشرتی سرگرمیوں کے مراکز

## ELS EQUIPAMENTS CULTURALS I CÍVICS

## باہمی تعاون و اشتراک کی دنیا

## EL MÓN ASSOCIATIU

## خواتین و مرد اہل محلہ کی تنظیم

## ASSOCIACIONS DE VEÏNS I VEÏNES

## سکول کے طلبا کے ماں باپ کی تنظیم، انجمن والدین

## ASSOCIACIONS DE PARES I MARES D'ALUMNES (AMPA)

## انجمن صارفین

## ASSOCIACIONS DE CONSUMIDORS

## کھیلوں کی تنظیمیں اور کلب

## ASSOCIACIONS I CLUBS ESPORTIUS

## خواتین کی تنظیمیں

## ASSOCIACIONS DE DONES

## نوجوانوں کی تنظیمیں

## ASSOCIACIONS DE JOVES

## فنون لطیفہ اور ثقافتی تنظیمیں

**ASSOCIACIONS CULTURALS I ARTÍSTIQUES**

## مذہبی آزادی

**LA LLIBERTAT RELIGIOSA**

## امیگرنٹس کے ساتھ اظہار اخوت

**SOLIDARITAT AMB LES PERSONES IMMIGRADES**

## ملکی سیاست میں شمولیت

**PARTICIPACIÓ EN LA VIDA POLÍTICA DEL PAÍS**

معاشرتی سرگرمیوں میں شرکت بارے شعبہ میں ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں

معاشرتی وسیاسی حقوق کی پہچان اور ان پر عمل کرنا کسی بھی جمہوری معاشرے کے بنیادی ارکان ہیں۔ شہریوں اور مختلف تنظیموں کی کتلونیا کی تعمیر وترقی میں اس کے شہریوں کی شرکت اور معاشرتی اتصال واخوت (**cohesió social**) کیلئے بہت اہمیت رکھتے ہیں۔

شہریوں کی شرکت کو تمام شعبہ ہائے زندگی میں ہر قدم پر یقینی بنایا گیا ہے جیسے شہری عوامل۔ اس کی بناوٹ۔ اس کے تسلسل اور اس کے نفاذ حتیٰ کہ اس کے نتائج تک میں تمام کتلان شہریوں کو باخبر رکھنے کے انتظامات کئے گئے ہیں۔ عوامی شرکت کا اظہار مختلف انداز میں کیا جاتا ہے جن میں تعلیمی اداروں کے مشاورتی کونسل۔ میونسپل کارپوریشن کی مشاورتی کونسل (**consells municipals**) کا قیام شامل ہے جس کا اہتمام مختلف عنوان۔ اخوت۔ نوجوان طبقہ اور خواتین وغیرہ کے حوالے سے کیا جاتا ہے۔

کتلونیا میں رہنے والے خواتین ومرد حضرات مل کر یا انفرادی حیثیت سے کوئی بھی تنظیم بنا سکتے ہیں جس سے ایک مضبوط نیٹ ورک بننے کے ساتھ ساتھ سرکاری وشہری اداروں میں توازن اور تعاون کی فضا پیدا ہوتی ہے۔

اس شعبہ میں ہم آپ کو کلچرل اور سوک سنٹروں کے بارے میں بتائیں گے جہاں کتلان سوشل زندگی میں تہذیب وتمدن۔ مختلف ثقافتوں اور شہریت بارے اظہار خیال کر سکتے ہیں۔ سوشل زندگی کی وسیع سرگرمیوں میں ہم مختلف تنظیموں بارے معلومات فراہم کریں گے جن میں اہل محلّہ کی تنظیمیں۔ انجمن والدین۔ انجمن صارفین۔ نوجوانوں کی تنظیمیں۔ کھیلوں کی تنظیمیں۔ خواتین۔ ثقافتی۔ فن کاروں کی تنظیمیں۔ مذہبی ساجی اخوت برائے تارکین وطن اور بین الاقوامی ساجی تنظیموں سے ملحقہ اداروں بارے بتائیں گے۔

مزید معلومات ورہنمائی کیلئے ہم جزئیات دے کتلونیا کی معاشرتی سرگرمیوں بارے ویب سائٹ **Participació Ciutadana de la Generalitat de Catalunya** سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www10.gencat.cat/drep/AppJava/cat/ambits/participacio/index.jsp

http://www.gencat.cat/temes/cat/participacio.htm

## ثقافتی ومعاشرتی سرگرمیوں کے مراکز

### ELS EQUIPAMENTS CULTURALS I CÍVICS

کتلونیا میں ثقافتی اور معاشرتی سرگرمیوں کے مراکز کا جال پھیلا ہوا ہے جہاں مختلف افراد اور تنظیمیں اپنی سرگرمیاں سرانجام دے سکتی ہیں۔ان مراکز میں سوک سنٹر (centres cívics) ۔لائبریریاں ۔میوزیم ۔سرکاری تحفظ کی جگہیں ثقافتی مراکز ۔مختلف کسال اور علمی وادبی تنظیموں کے مراکز (ateneus) شامل ہیں جو سرکاری بھی ہو سکتے ہیں یا انہیں سرکاری طور پر گرانٹ دی جاتی ہے۔

ان مراکز میں تمام افراد کا داخلہ عام ہے جہاں کوئی بھی شخص جا سکتا ہے جن کے اوقات کار اور قواعد وضوابط ہر مرکز کی انتظامیہ طے کرتی ہے۔جیسے سماجی تنظیموں یا مختلف افراد کی سرگرمیوں بارے داخلہ وغیرہ۔ان مراکز میں ہونے والی سرگرمیوں میں شرکت کرنا کتلونیا کے بارے میں بہتر معلومات حاصل کر سکتے ہیں اس کے علاوہ میل جول بڑھانے کے مواقع بھی ملتے ہیں

بعض جگہوں پر سوک سنٹر ۔نوجوانوں وخواتین کے مراکز اور علمی ادابی مراکز کو میونسپل کارپوریشن کی سرپرستی حاصل ہوتی ہے جبکہ کچھ جگہوں پر مختلف تنظیموں اور کارپوریشن کا مشترکہ تعاون ہوتا ہے۔

ان مقامات پر مختلف تنظیموں کے دفاتر بھی ہوتے ہیں جہاں ہماری کارپوریشن کی جانب سے دی جانے والی سہولتوں بارے میں بہت سی پیشکش موجود ہوتی ہیں۔ان میں مختلف سرگرمیاں ۔ورکشاپس ۔کورسز ۔نمائشیں ۔مذاکرے ۔میوزک کنسرٹ یا سیمینار وغیرہ شامل ہیں۔ان مراکز کی سب سے دلچسپ بات یہ ہے کہ ان میں ہونے والی سرگرمیوں کا انحصار مختلف تنظیموں اور شہریوں کی تجاویز پر ہوتا ہے اور معاشرتی شرکت کیلئے ان کا کردار انتہائی مثبت ہے۔ہمارے گھر کے قریب یقینا" کوئی نہ کوئی سوک سنٹر یا ثقافتی مرکز ضرور ہوگا جہاں پر ہم اپنی شہری وثقافتی سرگرمیاں منعقد کر سکتے ہیں

مختلف تنظیموں کے ہوٹل (hotels d'entitats) بھی سماجی ایسوسی ایشنوں اور تنظیموں کو مدد ورہنمائی کی فراہمی کیلئے بہترین جگہیں ہیں جہاں مختلف سرگرمیوں کا انعقاد ممکن ہے اوران کے باہمی تعاون ومیل جول کا بہانہ وذریعہ ہیں اس سے مزید فیڈریشن کی راہیں کھلنے کے امکانات روشن ہوتے ہیں۔ان ہوٹلوں میں غیر سرکاری سماجی وثقافتی تنظیمیں اپنی سرگرمیاں کرسکتی ہیں جن کا اندراج سرکاری رجسٹر میں موجود ہو

## باہمی تعاون واشتراک کی دنیا

### EL MÓN ASSOCIATIU

کسی بھی معاشرے میں مختلف قسم کی تنظیموں (associacions) کی موجودگی (اہل محلہ کی تنظیمیں ۔انجمن والدین ۔انجمن صارفین ۔نوجوانوں کی تنظیمیں ۔کھیلوں کی تنظیمیں ۔خواتین ۔ثقافتی ۔فن کاروں کی تنظیمیں ۔مذہبی سماجی اخوت برائے تارکین وطن اور بین الاقوامی سماجی تنظیمیں )اس معاشرے اجتماعی ترقی واعلیٰ اقدار کی غماز ہیں

اس حصہ میں ہم صرف غیر منافع بخش تنظیموں (associacions sense ànim de lucre) کا ذکر کریں گے جنہیں غیر سرکاری سماجی تنظیمیں اوا ین جی (organitzacions no governamentals, ONG) بھی کہا جاتا ہے۔جن سے مراد وہ ادارے ہیں جن کے مقاصد میں عوامی فلاح وبہبود ہوتا ہے نہ اپنے ارکان کیلئے منافع بخش سرگرمیوں کا انعقاد کرنا کیونکہ ان کی سرگرمیوں کا محور سماجی اخوت اور باہمی تعاون ہوتا ہے۔

کتلان تنظیموں کے قوانین کے بارے میں مزید جاننے کیلئے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://www20.gencat.cat/portal/site/Justicia/menuitem.51bb51de98b3c1b6bd6b6410b0c0e1a0/?vgnextoid=4bd2a1c9c9203110VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextchannel=4bd2a1c9c9203110VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&vgnextfmt=default

ان تنظیموں میں شمولیت ہمارے غور وفکر کے اظہار کا بہترین ذریعہ اور معاشرتی اتصال کیلئے بہت اہم ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ان کا مقصد کتلان معاشرے میں اجتماعیت کا فروغ ہے۔ ساجی تنظیموں (ایسوی ایشنیں) نہ صرف کچھ افراد کے اجتماعی مفادات میں شرکت کا ذریعہ ہیں بلکہ ان سے کسی بھی معاملہ میں ان کی شرکت کو شرکت کا حق ملتا ہے چاہے وہ سرکاری ہو یا عوامی نوعیت کا مسئلہ۔

روایتی طور پر کتلونیا میں ہمیشہ خواتین مرد شہریوں کی شرکت کو یقینی بنانے کا اہتمام کیا گیا ہے اس کا مطلب ہے کہ ہم ایک ہی وقت میں اپنے بچوں کے سکول کی انجمن والدین کے ممبر (associació de pares i mares, AMPA) بھی بن سکتے ہیں اس کے ساتھ ساتھ اپنے محلہ کی انجمن (associació de veïns) اور کسی بھی پیشہ وارانہ یا ساجی تنظیم کے رکن ہو سکتے ہیں
اسی طرح نئے آنے والے افراد اپنی تنظیمیں بنا سکتے ہیں جہاں ہم نہ صرف اپنی مادر وطن ثقافت کو فروغ دے سکتے ہیں بلکہ نئے آنے والے تارکین وطن کی بہتری کیلئے اپنی تجاویز دینے اور عملی شرکت کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ بہتر ہوگا کہ ہم معاشرے میں تنظیموں کے پھیلے ہوئے نیٹ ورک (teixit associatiu) میں شرکت کریں جو کتلان معاشرے کی حقیقی نمائندگی کا باعث ہوگا بلکہ دوسرے تارکین وطن کی پہلے سے موجود کتلان تنظیموں میں شرکت کی ترغیب کا باعث ہوگا

امیگرنٹ کی تنظیموں بارے مزید معلومات کیلئے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

http:/www20.gencat.cat/portal/site/Justicia/menuitem.017287701a50adc2a34229a7d8c0e1a0/?vgnextoid=9007497875203110VgnVCM1000008d0c1e0aRCRD&appInstanceName=%3Cdefault%3E

مختلف تنظیموں میں متحرک ہو کر شرکت کرنے کے مختلف طریقے ہیں جن میں عام ممبر کی حیثیت سے شرکت۔ تجربہ کار فرد یا رضا کارانہ (voluntari) شرکت کی جا سکتی ہے

کسی بھی میں تنظیم میں رضا کارانہ شرکت کرنے بارے معلومات یا ان کی شہری خدمات بارے معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم مختلف کتلان ایسوی ایشنوں اور رضا کارانہ تنظیموں کے نیٹ ورک (Xarxa Associativa i de Voluntariat de Catalunya) کی قائم کردہ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www.xarxanet.org/xarxanet/inici

کتلونیا میں مختلف ایسوی ایشنوں کی اجتماعی شرکت بارے کتلونیا میں موجود ایسوی ایشنوں کی ویب سائٹ سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں

http://www.gencat.cat/entitats/

ایک ہی قسم کی سرگرمیوں اور کسی ایک شعبہ سے متعلق تنظیم مزید متحد ہو کر اپنا اتحاد بنا سکتی ہیں جسے فیڈریشن (federació) کہا جاتا ہے۔ جس کا مقصد سرکاری اداروں اور عام معاشرے میں بہتر نمائندگی اور متحرک ہونا ہے۔ ہر شعبہ میں ہم متعلقہ فیڈریشن کے بارے میں ذکر کریں گے

اس کے ساتھ ساتھ ہم اپنے علاقہ میں مختلف ایسوی ایشنوں میں کی وجہ سے اعلیٰ اقدار کے بارے میں بتائیں گے اس کے علاوہ ہم اپنی کارپوریشن میں کوئی تنظیم بنانے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں

# خواتین ومرد اہل محلّہ کی تنظیم

## ASSOCIACIONS DE VEÏNS I VEÏNES

کسی بھی محلّہ یا میونسپلٹی میں رہنے والے خواتین ومرد حضرات مل کر کوئی تنظیم بنا سکتے ہیں جسے انجمن محلّہ (**associacions de veïns**) کہا جائے گا ۔اس کا مقصد مختلف اہل محلّہ خواتین ومردوں میں باہمی میل جول کو فروغ دینا اور سماجی اخوت واتصال کیلئے ان کی شرکت کو یقینی بنانا ہے

ان تنظیموں کے مقاصد درج ذیل ہو سکتے ہیں

۔اہل محلّہ کے اجتماعی مفادات کا تحفظ کرنا اور شہری سرگرمیوں کا انعقاد کرنا جن میں ثقافتی ۔علمی وادبی کھیلوں وصحت رہائش وسوشل معاشی وصارفین سرگرمیاں شامل ہیں جس کیلئے مناسب اقدامات کرنا شامل ہیں

۔تمام اہل محلّہ کو ایسی تمام علومات بہم پہنچانا جن سے ان کے مفادات کو نقصان یا فائدہ پہنچتا ہو اور اس سلسلے میں ان کی مدد کرنا

۔اہل محلّہ کی شرکت کو یقینی بنانا جس میں تمام مرد وخواتین شامل ہوں جو وہاں مقیم ہیں

۔سرکاری اداروں میں اہل محلّہ کے مفادات کے تحفظ کیلئے ان کی نمائندگی کرنا

۔سرکاری اداروں کو شہریوں کے حقوق بارے بتانا اور ان کی ادائگی کیلئے زور دینا جیسے

ہ۔ان تمام علومات کا حصول جن کا تعلق اجتماعی مفادات سے ہو

ہ۔سرکاری اداروں میں مختلف اقدامات کی تجاویز دینا

ہ۔عام شہریوں کے حقوق کے تحفظ کیلئے سرکاری اداروں کے تمام شعبہ جات میں تمام تر ذرائع کا استعمال

ہ۔سرکاری ذرائع کو اہل محلّہ خواتین مرد افراد کی شراکت کیلئے استعمال کرنا

ہ۔عوامی تحریک کیلئے اپنے حقوق کا استعمال

ہ۔مختلف شعبہ ہائے زندگی میں سرکاری اداروں کے حسابات سے آگاہی اور اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے متحرک ہونا

ہ۔مختلف پراجیکٹ اور منصوبہ جات کیلئے فنڈز کا حصول

ہ۔ایسے معاملات جن میں اہل محلّہ کے مفادات ہوں ان میں اپنی آواز قائم کرنا تا کہ آپ کی تجاویز پر غور کیا جائے

۔سرکاری اداروں اور مختلف کمپنیوں (پانی ۔بجلی ۔گیس اور تعمیراتی کمپنیاں ) کے سامنے اہل محلّہ کے مسائل لے کر جانا اور ان کا حل تلاش کرنا

۔اہل محلّہ مرد وخواتین کے درمیان اخوت بھائی چارے کو فروغ دینا ان میں برابری کی فضا پیدا کرنا ۔شہری تہذیب کے فروغ کیلئے مختلف اقدامات کرنا اور بعض معاملات میں ثالث کی خدمات فراہم کرنا

اہل محلّہ کی تنظیمیں سماجی وثقافتی پروگرام بھی تشکیل دیتی ہیں جن میں مختلف کورسز ۔کانفرنس ۔ورکشاپس اور پاپولر تہواروں کا انعقاد شامل ہے۔اہل محلّہ کے مسائل بارے مدد ورہنمائی فراہم کرتی ہیں ۔جیسے کسی بلڈنگ کی تنظیم یا کسی پبلک سہولت بارے رہنمائی وغیرہ اس کے علاوہ سرکاری شہری منصوبوں کے علوماتی سیمنار میں شرکت کر کے اپنی تجاویز سے آگاہ کرتی ہیں

مزید علومات حاصل کرنے کیلئے ہم کتلان کنفیڈریشن برائے اہل محلّہ **Confederació d'associacions de veïns de Catalunya** کی ویب سائٹ سے علومات حاصل کر سکتے ہیں

http://www.confavc.org/

# سکول کے طلبا کے ماں باپ کی تنظیم انجمن والدین

## ASSOCIACIONS DE PARES I MARES D'ALUMNES (AMPA)

بچوں کی مائیں اور باپ تعلیمی کمیونٹی (comunitat educativa) کا حصہ ہیں۔ اس لئے ہمارے لئے ایک موقع اور فرض ہے کہ ہم اپنے بچوں کی تعلیم بارے توجہ دیں اور ان تعلیمی اداروں کی تنظیموں جسے "انجمن والدین طلبا" (associació de mares i pares d'alumnes) کہا جاتا ہے اس میں متحرک انداز میں شرکت کریں جہاں ہمارے بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں چاہے وہ ادارے بچوں کے نرسری سکول ہوں یا پرائمری تعلیم (escola d'educació infantil i primària) کے ادارے یا سیکنڈری سکول (institut d'educació secundària) کی تعلیم کے ادارے ہوں۔

انجمن والدین جسے آمپا کہا جاتا ہے وہ تمام سرکاری وغیر سرکاری تعلیمی اداروں میں موجود ہوتی ہے اور جس کے مندرجہ ذیل مقاصد ہوتے ہیں

- تمام لیول کی تعلیم کی بہتری وفروغ کیلئے اور اجتماعی تعلیمی نظام قائم کرنے کیلئے اپنی تجاویز دینا اور ان پروگراموں میں شرکت کرنا
- تعلیمی معاشرے میں تمام بچوں اور بڑوں کے والدین کی شرکت اور ذمہ داریوں کا احساس کو یقینی بنانے کیلئے کوشاں رہنا

کسی بھی سکول یا انسٹیٹیوٹ کے انجمن والدین کا رکن ہونا جہاں ہمارے بچے پڑھتے ہیں وہاں پر تعلیمی نظام بارے آگاہی کا باعث ہوتا ہے اور بچوں بارے فیصلے کرنے والے سیٹ اپ کا حصہ بنا کیونکہ انجمن والدین سکول کی مشاورتی کونسل (Consell Escolar) کے طور پر کام کرتی ہے اور اس سکول کے سالانہ تعلیمی منصوبہ بندی (Projecte educatiu) کیلئے اپنی تجاویز دیتی ہے۔

انجمن والدین طلبا تعلیمی نظام میں سرگرمیوں کو چلانے کی ذمہ دار ہوتی ہے چاہے ان کا تعلق طلبا سے ہو یا ان کے والدین سے متعلقہ معاملات ہوں جیسے

- سکول کی غیر نصابی سرگرمیوں (activitats extraescolars) اور گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران سرگرمیوں (casals d'estiu) اہتمام کرنا
- صبح سکول لگنے سے پہلے اور سکول میں چھٹی کے بعد بچوں کو ٹھہرانے (servei d'acollida) کا انتظام کرنا
- سکول میس کے بارے مکمل نگرانی کرنا
- بچوں کے خاندانوں کی رہنمائی کیلئے مختلف قسم کی کانفرنس۔ سیمینار۔ ورکشاپ اور سماجی وتعلیمی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا جن سے بچوں کے والدین کے درمیان باہمی تعلق بہتر ہو سکے
- سکول اور معاشرے کے افراد میں باہمی تعلق کی بہتری کے پروگراموں میں شرکت کرنا جیسے متبادل تعلیمی پروگرام (plans educatius d'entorn) وغیرہ

متبادل تعلیمی پروگرام (plans educatius d'entorn) بارے مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

http://www.xtec.cat/lic/entorn/index.htm

اس طرح سے بچوں کے والدین کی تنظیم آمپا کا ممبر ہونے سے ہم اپنی تجاویز دے سکتے ہیں اور ان سرگرمیوں کے انعقاد کا حصہ بن سکتے ہیں

اگر ہمارے بچے پرائمری تعلیم حاصل کر رہے ہیں تو ہم اس سلسلے میں مزید معلومات ماں باپ کی کتلان فیڈریشن برائے پرائمری تعلیم (Federació d'Associacions de Mares i Pares d'Alumnes de Catalunya d'Ensenyament Primari, FAPAC) کی ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www.fapac.net/

اگر ہمارے بچے سیکنڈری تعلیم حاصل کر رہے ہوں تو اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے معلومات حاصل کر سکتے ہیں

(Federació d'Associacions de Mares i Pares d'Alumnes d'Ensenyament Secundari, FAPAES)

http://www.fapaes.net/

شعبہ تعلیم میں مزید معلومات کیلئے اسی ویب سائٹ کے شعبہ تعلیم کے حصہ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

## انجمن صارفین

## ASSOCIACIONS DE CONSUMIDORS

ہم خواتین وحضرات جو اس ملک کے شہری ہونے کے ساتھ خریدار اور مختلف اداروں کے صارفین بھی ہیں بعض اوقات ہم محسوس کرتے ہیں کہ ہم ان کی مصنوعات یا خدمات سے مطمئن نہیں ہیں۔یا ہمیں کچھ شکوک وشبہات ہیں۔صارفین اور گاہکوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی رہنمائی کیلئے صارفین کی تنظیمیں بنائی جاتی ہیں جنہیں انجمن صارفین (associacions de consumidors) کہا جاتا ہے۔جو مختلف اداروں گاہکوں۔خریداروں اور صارفین کی انفرادی یا اجتماعی طور پر مدد کرتی ہیں۔ان کا کام مختلف اداروں اور ان کے صارفین کے درمیان ہونے والی غلط فہمیوں کو دور کرنا اور ان کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے مثال کے طور پر

۔مختلف مصنوعات اور خدمات کی قیمتوں اور فہرست بارے معلومات

۔صارفین کی توجہ کا اہتمام

۔مختلف اشیا کے تصرف بارے معاہدے

۔مختلف اشیا کی خریداری کے بعد ادائیگی

۔مختلف مصنوعات اور خدمات کا کوالٹی کنٹرول

مختلف معاملات میں پیدا ہونے والے شکوک جیسے رہائشی مسائل۔محکمہ ٹیلی فون۔مالیاتی اداروں کے قرضے۔پبلک استعمال کی سہولیات۔ٹریول ایجنسیاں۔محکمہ صحت۔نقل حمل کے ذرائع۔انسانی تحفظ۔خوراک وغیرہ

ایسی تنظیم پیشہ وارانہ خدمات فراہم کرتی ہیں جن میں کچھ مندرجہ ذیل ہیں

۔گاہکوں اور صارفین کے حقوق بارے عام اور مخصوص شعبہ سے متعلق مکمل معلومات

۔اپنے رکن افراد کی شکایات۔تجاویز۔مقدمات بارے مکمل رہنمائی کرنا

۔لاگو قوانین بارے پیدا ہونے والے شکوک وشبہات کو دور کرنا

۔صارفین اور اداروں کے درمیان معاملات کو حل کرنے کیلئے ثالث (arbitratge de consum) کا کردار ادا کرنا اور عدالتی کاروائیوں میں معاملات کو حل کرنا

۔مختلف سرکاری وغیر سرکاری اداروں کی مصنوعات وخدمات بارے مکمل معلومات حاصل کرنا

۔صارفین کی آگاہی کیلئے مختلف قسم کی معلوماتی سرگرمیوں کا اہتمام کرنا

۔صحت۔تعلیم اور رہائشی جیسے مسائل بارے مختلف رسالوں اور کتابچوں کے ذریعے معلومات کا اہتمام کرنا

۔کسی بھی چیز کے تصرف بارے مختلف قسم کے سیمینار اور کانفرنس کا اہتمام کرنا

ذاتی طور پر کسی خاص چیز بارے رہنمائی کیلئے ایسے افراد جو ممبر نہیں ہیں ان تنظیموں کے ساتھ مشاورت اور قانونی رہنمائی کیلئے فیس وغیرہ کا تعین کر سکتے ہیں

سرکاری اور غیر سرکاری اداروں اور صارفین کی مدد و رہنمائی کیلئے ہر کارپوریشن میں مخصوص دفاتر **oficines municipals d'informació al consumidor** قائم ہیں جو صارفین کو معلومات فراہم کرتے ہیں۔ یہ بالکل مفت اور براہ راست سروس ہے جو صارفین اور گاہکوں کے حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔ اور اس سلسلے میں ان کو رہنمائی دیتی اور ان کی شکایات پر عملدرآمد کرتی ہے

اس سلسلے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم کتلان صارفین کی یونین (**Unió de Consumidors de Catalunya**) کی ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://www.consumidors.org/Associacio.jsp

اس کے علاوہ کتلان حکومت' جنرلیتات دے کتلونیا کی صارفین بارے ایجنسی (**Agència Catalana de Consum de la Generalitat de Catalunya**) کی ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www.consum.cat/

## کھیلوں کی تنظیمیں اور کلب

## ASSOCIACIONS I CLUBS ESPORTIUS

کھیلوں میں شرکت کرنا نہ صرف ہماری صحت کیلئے مفید ہے بلکہ معاشرتی تعلقات کی بہتری اور مختلف شہریوں کا مابین تعاون کی فضا پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ اس اجتماعی مفاد کے پیش نظر مختلف کھیلوں کی تنظیم قائم کی جاتی ہیں۔ جن کا کام مختلف کھیلوں کا انعقاد۔ ٹورنامنٹ وغیرہ کروانا۔ دوستانہ میچوں کا اہتمام کرنا شامل ہے۔ بہت سی تنظیمیں ایسی ہیں جو علاقہ میں کھیلوں کے فروغ کیلئے کام کرتی ہیں یا میونسپلٹی کی حد تک کھیلوں کا اہتمام کرتی ہیں۔ اس سلسلے میں مختلف تعلیمی اداروں کی کھیلوں کی تنظیمیں (**associacions esportives escolars**) بھی بہت اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ جو بچوں اور نوجوانوں میں کھیلوں کو فروغ دیتی ہیں

اس سلسلے میں دوسرا لیول سپورٹس کلب (**clubs esportius**) ہیں۔ جن کا مقصد پرائیویٹ طور پر کسی علاقے یا محلے میں کلب بنا کر کسی کھیل کی سرپرستی کرنا ہے۔ ان کا سرکاری طور پر اور مختلف فیڈریشنوں سے منظور شدہ ہونا لازمی ہے

کتلونیا میں ایک ہی کھیل سے متعلقہ سپورٹس کلب مل کر ایک یونین بناتے ہیں جنہیں سپورٹس فیڈریشن (**federacions esportives**) کہا جاتا ہے۔ جو اس کھیل کے فروغ۔ بہتر تنظیم۔ صحتمندانہ سرگرمیوں کا اہتمام کرتا ہے اور حکومتی و عالمی اداروں میں کتلونیا کے کلبوں کی نمائندگی کرتا ہے

سپورٹس فیڈریشن بارے مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے ہم کتلونیا میں کھیلوں کی فیڈریشنوں کی یونین (**Unió de Federacions Esportives de Catalunya**) کی ویب سائٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں

http://www.ufec.cat/

اس کے علاوہ مزید معلومات کیلئے ہم کتلان حکومت کے وزارت کھیل (**Secretaria de l'Esport de la Generalitat**) کی ویب سائٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں

http://www16.gencat.net/esport/

سیر وساحت کے مراکز (centres excursionistes) ایک گرانقدر کتلان روائتی ورثہ کا حصہ ہیں۔ جو معاشرتی اتصال کا بہت بڑا ذریعہ ہیں۔ مثال کے طور ان کی سب سے اہم سرگرمی یہ ہے کہ وہ بچوں نوجوانوں اور بڑوں کو کتلونیا کے بارے میں جاننے کیلئے ان کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ان کا کام مختلف ٹورز۔ کوہ پیمائی۔ ہائیکنگ۔ سائیکلنگ جیسی کھیلوں کے ذریعے کتلان علاقہ کی سیر کا اہتمام کرنا ہے اس طرح سے ان ماحولیات کے تحفظ اور ان کی اہمیت بارے اندازہ ہوتا ہے۔

اس سلسلے میں مزید علومات کتلان سیاحت کی فیڈریشن (Federació d'Entitats Excursionistes de Catalunya) کی ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.feec.org/central.php

## خواتین کی تنظیمیں

### ASSOCIACIONS DE DONES

خواتین کی تنظیمیں اور خواتین کے مراکز ایسی سرگرمیاں ہیں جن کے ذریعے زندگی کے تمام شعبہ جات میں مرد و عورت کے برابری کے حقوق کیلئے جدو جہد کی جاتی ہے۔ خواتین کی متحرک سرگرمیاں جنسی تعصب کے خاتمے کیلئے بہت ضروری ہیں اور اس کیلئے عوراتیں اپنے حقوق کا دفاع بہتر انداز میں کر سکتی ہیں
یہ تنظیمیں مندرجہ ذیل مقاصد کیلئے جدو جہد کرتی ہیں

۔انسانی حقوق، معاشرت انصاف اور خواتین کی خودمختاری (apoderament) کیلئے جدو جہد کرتی ہیں اس سے مراد ہا کہ خواتین کو ذاتی، اجتماعی حیثیت یں زیادہ سے زیادہ خودمختاری حاصل ہو اور سیاسی ثقافتی اور معاشرتی ادارے نمائندہ اداروں میں ان کی زیادہ سے زیادہ تعداد موجود ہو

یہ تنظیمیں کس کے خلاف جدو جہد کرتی ہیں

۔گھریلو تشدد اور تمام شعبہ ہائے زندگی میں عورتوں کے بارے پائے جانے والے تعصب کے خلاف کام کرتی ہیں

ایسی تمام تنظیمیں دراصل کتلونیا میں خواتین کی جدو جہد کو جانشین ہیں جو بیسویں صدی کے وسط میں شروع ہوئی تھی اور مختلف محاذوں پر اس کی سرگرمیاں جاری ہیں

۔ثقافتی وفنون لطیفہ کے شعبہ میں
۔خاندانی۔ سماجی اور روزگار کے معاملات میں خواتین کی اہمیت (conciliació de la vida familiar, social i laboral) کو اجاگر کرنے کیلئے
۔مختلف داروں اور پیشہ وارانہ صلاحیتوں میں عورتوں اور مردوں میں برابری کے حقوق کے حصول کیلئے کام کرتی ہیں
۔غیر پسندیدہ حالات میں خواتین کی تربیت اور حصول روزگار میں ان کی مدد کیلئے کام کرتی ہیں
۔جنسی کام کرنے والی خواتین کے حقوق کے تحفظ کیلئے کام کرتی ہیں
۔رنگ، نسل مذہب یا کسی بھی بنیاد پر ہونے والے تعصب کے خلاف جدو جہد کر کے معاشرتی اتصال کیلئے کام کرتی ہیں
۔صحت کے شعبہ میں کام کرتی ہیں
۔امیگرنٹس کی تنظیموں میں خواتین کی اہمیت کو اجاگر کرنے کیلئے کام کرتی ہیں

کتلونیا میں خواتین کی تنظیموں بارے معلومات ہمیں کتلان حکومت کی ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.gencat.cat/icdona/guia.htm

اس کے علاوہ ہمیں کتلان انسٹیٹیوٹ برائے خواتین (Institut Català de les Dones): کی ویب سائٹ سے بھی رہنمائی حاصل کی جا سکتی ہیں

http://www.gencat.cat/icdona/

## نوجوانوں کی تنظیمیں

ASSOCIACIONS DE JOVES

اس بات کا ہمیں پوری طرح سے احساس ہے کہ معاشرت سرگرمیوں میں نوجوانوں کی شرکت چاہے وہ انفرادی حیثیت میں ہو یا اجتماعی۔ان کے معاشرے میں اپنی اہمیت اور جسمانی نشوونما کیلئے بہت اہمیت رکھتی ہے۔اسی لئے وہ تمام کام جو نوجوان انفرادی حیثیت میں کرتے ہیں ان کو کسی تنظیم یا ایسوی ایشن کے تحت بہتر طور پر سرانجام دے سکتے ہیں

نوجوانوں کی مختلف ایسوی ایشنوں کے کتلان نوجوان مشترکہ طور پر متحرک ہو کر اجتماعی مفادات کیلئے کام کرتے ہیں جن میں ثقافتی و فنکارانہ صلاحیتوں کا اظہار۔نئی ٹیکنالوجی ۔کھیلوں ۔سیاست تعلمی سرگرمیاں۔علمی تفریحی سرگرمیاں ۔صحت ۔اخوت ۔امن اور بین الاقوامی تعاون جس میں جنسی مساوات ماحولیات کا تحفظ اور حیاتیات بارے مل کر کام کرتے ہیں

اس سلسلے میں مزید معلومات ہمیں مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.xarxajove.cat

اس کے علاوہ ہم کتلان حکومت جنرلیتات دے کتلونیا کی وزارت برائے نوجواناں (Secretaria General de Joventut de la Generalitat de Catalunya) کی ویب سائٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں

www.gencat.cat/joventut

جہاں ہم رہتے ہیں اس میونسپل کارپوریشن میں نوجوانوں کی رہنمائی کیلئے قائم مراکز سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں

بچوں اور نوجوانوں کی مشترکہ سرگرمیوں بارے ہم علمی تفریحی تنظیموں (entitats d'educació en el lleure) سے بھی ہمیں مدد مل سکتی ہے۔جن کا کام جمہوری وتہذیبی روایات کے مطابق معاشرتی تربیت کو جاری رکھنا ہے۔ان کی سرگرمیاں عام طور پر بچوں اور 18 سال تک کی عمر کے نوجوانوں کیلئے ہوتی ہیں اور عام طور پر سکول کے ٹائم کے بعد اور پورا ہفتہ حتیٰ کہ چھٹی کے دن بھی جاری رہتی ہیں۔اس کے علاوہ یہ تنظیمیں بچوں کی کھیلوں کا مرکز (ludoteques) ' کیمپنگ اور گرمیوں کی چھٹیوں کے دوران مختلف سرگرمیوں (colònies) کا انعقاد کرتے ہیں

کھیل اور شرکت کے حوالے سے تفریحی تنظیمیں معاشرت اخوت کے شعبہ میں کام کرتی ہیں جہاں مختلف اہم معاملات تعلیم اور شہریت بارے کام کیا جاتا ہے جن میں مندرجہ ذیل بہت اہم ہیں

- ماحولیات اور قدرتی ورثہ کا احترام
- صحت کے حوالے سے تعلیم (صحت مندانہ عادات' صفائی کی اہمیت' جنسیات اور ڈرگ سے بچاؤ وغیرہ) خصوصی انداز میں بچوں کی شراکت اور اخوت کیلئے کام کرتی ہیں
- مل جل کر کام کرنے کی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں

اس سلسلے میں مزید معلومات آپ کو مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

http://www.esplac.cat/

## فنون لطیفہ اور ثقافتی تنظیمیں

## ASSOCIACIONS CULTURALS I ARTÍSTIQUES

کتلان زبان اور اس کا کلچر ل پورے کتلان علاقہ میں پھیلی ہوئی تنظیمیں اور تحاریک کی وجہ سے ایک زندہ حقیقت ہے اور چند صدیوں سے ہماری روایات اور ثقافتی ورثہ کی امین ہیں کتلان روایتی ثقافتی ورثہ کے حوالے سے معاشرت اتصال بہت وسیع ہے جس میں پاپولر تہوار جیسے کاستا یر (castellers) یعنی انسانی جسموں کے مینار ۔ بڑے سروں والی اشکال اور دیوہیکل مجسمے (gegants i capgrossos) ۔ کتلان روایتی رقص سار دانا ز (sardanes) ۔ ڈینوسار کی اشکال (esbarts dansaires) ۔ شیطانی آتنت (colles de diables) وغیرہ سے لے کر پاپولر فنون لطیفہ اور دستکاری نمونے شامل ہیں ۔ ان سب میں ایک چیز مشترک ہے جس سے مراد ایک دوسرے کے قریب ہونا ۔ ثقافتی سرگرمیوں کو فروغ دینا یا مل بیٹھنے کا بہانہ ڈھونڈنا اور میونسپل یا علاقائی اجتماعی سرگرمی کا انعقاد کرنا ، یہ تنظیمیں ہمیں مل بیٹھنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں اگر ہمارے اندر فنکارانہ صلاحیتیں ہیں یا ہم ثقافتی حس کے مالک ہیں ۔ اس حوالے سے پاپولر تہواروں کیلئے یہ تنظیمیں بہت اہمیت کی حامل ہیں

امیگریشن کے ساتھ ساتھ جو نیا کلچر ہمارے معاشرے میں فروغ پا رہا ہے اس حوالے سے ان تنظیموں کا کردار بہت اہمیت کا حامل ہے کہ وہ نئے کلچر کے ساتھ کتلان معاشرے کو مزید اعلیٰ اقدار کا حامل معاشرہ بنا سکیں اور اظہار اور باہمی مشترکہ سرگرمیوں کے ذریعے ہم نئے فنکاروں ( آرٹسٹوں ۔ ادیبوں ۔ موسیقاروں ۔ سینماگرافی کے ماہرین ۔ اداکاروں ) کی حوصلہ افزائی کر سکتے ہیں جو اس بات کی خواہش رکھتے ہیں کہ انہیں اپنے فن کے اظہار کا موقع ملے اور کتلان ثقافت کی بہتری اور اسے آگے بڑھانے میں اپنا کردار ادا کر سکیں

ان کیلئے فنون لطیفہ کی تنظیمیں فنکارانہ صلاحیتوں کے اظہار اور معاشرتی جگہیں ہیں ۔ کیونکہ مشترکہ طور پر کام کرنے مختلف ثقافتوں اور معاشروں سے تعلق رکھنے والے افراد میں تبادلہ خیال اور تعاون کے مواقع پیدا کرتی ہیں ۔ اور علاقائی ۔ قومی اور بین الاقوامی طور پر مختلف انداز میں انسانی نشوونما کی جدوجہد کرتی ہیں

اس سلسلے میں مزید معلومات کیلئے کتلان حکومت کے کلچر اور ذرائع ابلاغ کے محکمہ (Departament de Cultura i Mitjans de Comunicació de la Generalitat) کی ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

www.gencat.cat/cultura

## مذہبی آزادی

## LA LLIBERTAT RELIGIOSA

معاشرتی و ثقافتی میں رنگارنگ متنوع مذہبی سرگرمیوں کی وجہ سے پایا جاتا ہے ۔ اسپین کے * آئین کے مطابق اسپین ایک سیکولر سٹیٹ (Estat aconfessional) ہے ۔ مذہبی آزادی کا قانون ہمیں مذہبی سرگرمیوں کی اجازت دیتا ہے ۔ جس کے مطابق تمام افراد کا تعلق کسی بھی مذہب سے ہو سکتا ہے اور انہیں پرائیویٹ یا پبلک مقامات پر اس کے اظہار کی مکمل آزادی ہے مگر اس سے قانونی طور پر کسی قسم کے تعصب یا عدم مساوات کا تاثر نہ پیدا ہوتا ہو

اجتماعی مذہبیت سے مختلف مذاہب کا ماننے والوں میں ڈائلاگ کی اہمیت بڑھ جاتی ہے تاکہ مختلف مذاہب کے ماننے والے لوگ ایک دوسرے سے باہم واقف ہوں اور انہیں مل

جل کر بیٹھنے کا موقع ملے۔

اسلسلے میں مزید معلومات کیلئے آپ مندرجہ ذیل ویب سائٹ سے رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں

http://www.unescocat.org/ct/index.php

اپنی کسی بھی مذہبی جگہ کے قیام اوراس کی سرکاری منظوری کیلئے ضروری ہے کہ کسی بھی مذہب کے ماننے والے کوئی ایک تنظیم میں اکٹھے ہوں۔ اسپین میں مذہبی تنظیموں کی رجسٹریشن وزارت انصاف کرتی ہے۔اس سلسے میں مزید معلومات مندرجہ ذیل ویب سے حاصل کی جا سکتی ہیں

http://www.mju.es

کتلونیا میں کسی بھی مذہبی تنظیم کی تشکیل کیلئے مذہبی امور کے ڈائریکٹر جنرل کے دفتر (Direcció General d'Afers Religiosos) سے مکمل معلومات ورہنمائی حاصل کی جا سکتی ہے۔ جو کتلونیا میں قائم مذہبی تنظیموں کی مدد کیلئے قائم کیا گیا ہے
اس سلسلے میں مزید معلومات آپ کو ان کی ویب سائٹ سے مل سکتی ہیں

www.gencat.cat/presidencia/dgar/

اس کے علاوہ بہتر ہوگا کہ کوئی بھی عبادت گاہ تعمیر کرنے سے پہلے ہم اپنی متعلقہ کارپوریشن کے قوانین بارے معلومات حاصل کریں

*Llei orgànica 7/1980, de 5 de juliol, de llibertat religiosa (*Boletín Oficial del Estado* de 24 de juliol).

## امیگرنٹس کے ساتھ اظہار اخوت

## SOLIDARITAT AMB LES PERSONES IMMIGRADES

دنیا بھر کے مختلف ممالک سے آنے والے تارکین وطن کیلئے کتلان معاشرے میں میل جول بڑھانے اور اپنے آپ کو اس میں ڈھالنے کیلئے بہت سی مشکلات پیش آتی ہیں۔اس ضرورت کے پیش نظر مختلف تنظیمیں وجود میں آئی ہیں جن کا مقصد نئے آنے والے تارکین وطن کی مدد ورہنمائی کرنا ہے۔تا کہ ان کا معیار زندگی بہتر ہو سکے

یہ تمام تنظیمیں انسانی حقوق کے تحفظ کی تنظیمیں ہیں جو غیر منصفانہ سرگرمیوں کے خلاف جدو جہد کرتی ہیں اور مختلف افراد کی معاشرے سے عدم تحفظ میں مدد دیتی ہیں۔ یہ تنظیمیں مساوی حقوق۔مساوی مواقعوں کیلئے کام کرتی ہیں اوراس طرح سے عالمی شہریت کو فروغ دیتی ہیں

ان تنظیموں کی خدمات صرف اور صرف تارکین وطن تک محدود نہیں لیکن ان کی سرگرمیوں کا تعلق ان معاملات سے ہے جس کا براہ راست اثر تارکین وطن پر پڑتا ہے۔ان تنظیموں کی سرگرمیاں سرکاری اداروں سے تعاون کرنا بھی ہوتا اور سرکاری ذرائع کی خدمات کی فراہمی کیلئے ان کی مدد کرنا ہوتا ہے۔اس طرح سے یہ تنظیمیں مختلف سماجی اداروں کے نیٹ ورک تک ضرورت مند افراد کی رسائی کیلئے کام کرتی ہیں اور نئے آنے والے افراد کو کتلان معاشرہ میں ایڈجسٹ کرنے کیلئے کام کرتی ہیں

مذکورہ تنظیمیں جو خدمات سرانجام دیتی ہیں ان کی فہرست بہت لمبی ہے تاہم ان میں چند اہم ذمہ داریاں درج ذیل ہیں۔

نئے آنے والے افراد کو خوش آمدید کہنا

۔غیر ملکیوں کے قوانین کے حوالے سے نئے آنے والے افراد کی دفتری کاروائی میں مدد ورہنمائی کرنا

۔سرکاری اداروں کی خدمات بارے معلومات ورہنمائی اور اگر ممکن ہو تو ان کے ساتھ ان دفاتر تک جانا

۔حصول روزگار اور روزگار کی تلاش میں معلومات فراہم کرنا

۔کسی ہنگامی حالت کی صورت میں مدد کرنا

۔بنیادی سہولتوں تک رسائی میں مدد کرنا

۔مختلف زبانوں کا زبانی وتحریری ترجمہ کرنا

۔کلچرل مسائل میں ثالث کا کردار ادا کرنا

۔کتلان اور کستیانو لسانی کورسز کا اہتمام کرنا

مساوات

۔نسلی تعصب کے خلاف جدوجہد کرنا

۔بنیادی حقوق کی پامالی کے خلاف جدوجہد کرنا

۔پناہ گزینوں کی مدد ورہنمائی کرنا

معاشرتی اتصال

۔کتلونیا میں بین الثقافتی کلچر کو فروغ دینے کیلئے کام کرنا

۔نئے اور پرانے کتلان شہریوں کے درمیان بین الثقافتی تعلقات کو فروغ دینا

امیگرنٹس کیلئے کام کرنے والی تنظیمیں کتلونیا کے تمام قصبوں اور شہروں میں موجود نہیں اس لئے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی متعلقہ کارپوریشن سے کسی بھی معاملے میں معلومات حاصل کرنے کیلئے رابطہ کریں

## بین الاقوامی اخوت، ترقیاتی کاموں کیلئے غیر سرکاری سماجی تنظیمیں

### SOLIDARITAT INTERNACIONAL: LES ONGD

ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں عدم توازن نے کتلان خواتین ومرد شہریوں کو اس بات پر متحرک کردیا ہے کہ وہ بین الاقوامی اخوت کیلئے قائم تنظیموں میں کام کریں۔ جنہیں ہم ترقیاتی کاموں کیلئے غیر سرکاری سماجی تنظیمیں (organitzacions no governamentals per al desenvolupament,ONGD) یا اواین جی ڈی کہتے ہیں۔ یہ تنظیمیں ترقی پذیر ممالک کے عوام کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے مختلف پراجیکٹ بناتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک اور ترقی پذیر ممالک کے درمیان باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے نئی راہیں تلاش کرتے ہیں

ان غیر سرکاری سماجی تنظیموں کا مقصد ترقی پذیر ممالک میں تعلیم۔صحت۔زراعت۔معاشی خودمختاری۔ماحولیات کیلئے تحفظ کیلئے منصوبہ جات بنانا ہے۔اس کے ساتھ کتلان شہریوں میں اس بات کا احساس اجاگر کرنا ہے کہ وہ ترقی یافتہ اور ترقی پذیر ممالک میں بڑھتے ہوئے فرق کو کم کرنے میں مدد دیں اور منصفانہ تجارت (comerç just) اور تعلیم کے منصوبوں میں مدد کریں

نئے آنے والے افراد بھی ان تنظیموں میں کام کرنے کیلئے شامل ہو سکتے ہیں اور اپنے متعلقہ ممالک میں ترقیاتی منصوبوں کی تیاری میں مدد دے سکتے ہیں۔ایسے باہمی ترقیاتی پروگرام (codesenvolupament) کہتے ہیں، کیونکہ ان منصوبوں میں ترقیاتی منصوبوں کیلئے متعلقہ ممالک کے تارکین وطن حصہ لیتے ہیں جو اپنے ممالک اور اپنے نئے رہائشی ملک کیلئے سماجی نمائندے کا کام کرتے ہیں۔ترقیاتی کاموں بارے پراجیکٹ بین الثقافتی تجربات کے تحت کئے جاتے ہیں اسی لئے تارکین وطن اور مقامی لوگ مل کر

اس پرکام کرتے ہیں۔اس کے علاوہ نئے آنے والے افراد کی جانب سے تجاویز اوران کی شراکت کو یقینی بنایا جاتا ہے

اس سلسلے میں مزید معلومات لینے کیلئے کتلان فنڈز برائے ترقیاتی تعاون کے ادارے(**Fons Català de Cooperació al Desenvolupament**) کی ویب سائٹ سے رابطہ کیا جا سکتا ہے

**http://www.fonscatala.org/midel/ct/**

ترقیاتی کاموں کیلئے غیر سرکاری سماجی تنظیموں بارے مزید معلومات کتلان غیر سماجی تنظیموں اور ترقیاتی غیر سماجی تنظیموں کی فیڈریشن(**Federació Catalana de ONGD, FCONGD**) کی ویب سائٹ سے حاصل کی جا سکتی ہیں

**http://www.pangea.org/fcongd/**

اس کے علاوہ کتلان ایجنسی برائے تعاون برائے ترقیاتی پروگرام(**Agència Catalana de Cooperació al Desenvolupament**) کی ویب سائٹ سے بھی آپ کو مفید معلومات مل سکتی ہیں

**http://www.gencat.cat/cooperacioexterior/cooperacio/**

# ملکی سیاست میں شمولیت

## PARTICIPACIÓ EN LA VIDA POLÍTICA DEL PAÍS

معاشرے کی مختلف سرگرمیوں میں شمولیت کا دوسرا طریقہ کسی بھی ملک کی سیاست میں عملی حصہ لینا ہے۔اسپین کے قانون کے مطابق 18 سال سے بالغ افراد جن کی کسی بھی کارپوریشن میں رہائشی رجسٹریشن ہوئی ہو وہ عملی سیاست میں اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں یعنی حکومت کی تشکیل کیلئے ووٹ استعمال کر سکتے ہیں۔

اس طرح سے ہم چار درجوں میں اپنی رائے کا اظہار کر سکتے ہیں۔یورپی پارلیمنٹ کیلئے۔وفاقی حکومت کیلئے۔ریاستی الیکشنوں کیلئے اورمیونسپل انتخابات کیلئے

### **<u>یورپی سطح</u>**

**(Àmbit europeu)**

یورپی یونین مختلف ممالک کی یونین کا نام ہے جس میں تمام ممالک جمہوری طریقے سے اپنے آپ کو مضبوط بنانے کیلئے اختیارات کا چناؤ کرتے ہیں۔تا کہ ان کا اثرورسوخ بہتر ہو کیونکہ اکیلے رہ کران میں سے کوئی بھی اتنا مضبوط اور بااثر نہیں ہو سکتا۔اس کا مطلب یورپی یونین کی سطح پر متفقہ فیصلے کرنے کیلئے ایک مشترکہ پلیٹ فارم کا ہونا۔ان میں سے ایک یورپی یونین کی مشاورتی کونسل ہے۔جبکہ عدالتی ٹریبونل۔یورپی پارلیمنٹ وغیرہ ان تمام یورپی اداروں کی ذمہ داریوں اور اختیارات کا فیصلہ تمام ممالک کے سربراہان یا وزرائے اعظموں کے ذریعے کیا جاتا ہے۔ان اداروں میں اپنے ملک کی نمائندگی کرنے کیلئے ہم اپنے پارلیمانی ارکان کا انتخاب ہر پانچ سال بعد بذریعہ ووٹ کرتے ہیں۔اس پارلیمنٹ کا مقصد مختلف تجاویز کے تحت جمہوری انداز میں آئینی فیصلے کرنا ہیں

### **<u>وفاقی سطح</u>**

**(Àmbit estatal)**

ہر چار سال بعد ہم مرکزی پارلیمنٹ کیلئے اپنے پارلیمانی نمائندوں کا انتخاب کرتے ہیں جو بعد میں اکثریتی جماعت کو اسپین کی صدارت کیلئے منتخب کریں گے۔جس کا دفتر میڈرڈ میں ہوگا اور تمام ریاستوں میں اس کے نمائندہ افراد ہوں گے

## ریاستی سطح

**(Àmbit autonòmic)**

کتلونیا میں ووٹ کے ذریعے منتخب ہونے والی پارلیمنٹ کو کتلان پارلیمنٹ کہا جاتا ہے۔ جس میں 135 ممبران اسمبلی ہیں جنہیں ہر چار سال بعد ووٹ کے ذریعے منتخب کیا جاتا ہے۔ ان میں سے جو جماعت سب سے زیادہ نمائندگی حاصل کرتی ہے اسے حکومت بنانے کی دعوت دی جاتی ہے۔ اس کی ذمہ داریوں میں کتلان حکومت کا صدر منتخب کرنا اور اپنے قوانین کے مطابق حکومت کرنا شامل ہیں

## میونسپل سطح

**(Àmbit municipal)**

مقامی سطح پر کارپوریشن میں لوکل حکومت ہوتی ہے۔ جس میں ایک میئر۔ اس کے مختلف مشیران ہوتے ہیں جو مقامی سطح تک قوانین اور معاملات کو چلانے کے پابند ہوتے ہیں۔ ان کا انتخاب بھی ہر چار سال بعد کیا جاتا ہے منتخب ہونے والے کونسلر خواتین وحضرات اپنے میئر کا انتخاب کرتے ہیں

تارکین وطن صرف میونسپل انتخابات میں دونوں ممالک کے باہمی معاہدہ کے تحت ہی الیکشن مین حصہ لے سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر اسپین اور ہمارے ملک کے درمیان باہمی معاہدہ موجود ہوگا تو ہی ہم ووٹ ڈالنے کے اہل ہیں۔ موجودہ صورتحال میں صرف یورپی یونین کے چند ممالک۔ ناروے۔ ارجنٹائن۔ چلی اور اورگوائی کے باشندے ووٹ کا حق استعمال کر سکتے ہیں

## سیاسی جماعتیں اور مزدور تنظیمیں

**(Partits polítics i organitzacions sindicals)**

عملی سیاست میں حصہ لینے کا دوسرا طریقہ کسی سیاسی جماعت یا کسی مزدور یونین کا ممبر ہونا ہے۔ ملک میں ہر قسم کے خیالات رکھنے والی سیاسی جماعتیں موجود ہیں۔ جن کی بنیاد ان کے باقاعدہ ممبران ہیں۔ ممبر ارکان انتخابات سے پہلے جمہوری انداز میں اپنے امیدواروں کا چناؤ کرتے ہیں۔

مزدور تنظیمیں مختلف مزدوروں کے حقوق اور ان کے معاشی ومعاشرتی مسائل کے حل کیلئے اپنے ممبران کیلئے کام کرتی ہیں۔ عام طور پر یہ تنظیمیں مرکز میں کسی فیڈریشن یا سنڈیکیٹ کی رکن ہوتی ہیں۔ جو آزاد بھی ہو سکتی ہیں اور کسی سیاسی جماعت کا حصہ بھی

اس ملک کے تمام خواتین ومرد شہری اور قانونی طور پر رہائشی افراد کو کسی بھی تنظیم کا باقاعدہ ممبر بننے یا کسی مزدور یونین کا حصہ بننے کا مکمل اختیار ہے۔ اس سلسلے میں تارکین وطن اور مقامی شہریوں کو ایک جیسے حقوق حاصل ہیں